مکالمہ (انٹرویو) کا مقصد:
یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ مکالمہ کا مقصد ہے کہ پناہ کی درست صورت کا انتخاب کیا جا سکے جیسا کے جمہوریہ مالدووا کے قابل عمل قانون میں دیا گیا ہے۔

مجاز نمائندے سے تعاون کیجیے اور صرف سچ بولیے:
غلط تفصیلات کی فراہمی ایسی وجوہات پیدا کر دیتی ہیں جس سے آپکی درخواست کے مسترد ہو جانے کا اندیشہ ہے۔
مکالمہ کے دوران آپکو مکمل اور تفصیل سے اُن تمام وجوہات کا زکر کرناہے جن کی وجہ سے آپ نے اپنا ملک چھوڑا اور آپکو واپسی کی صورت میں کن تقصانات کا اندیشہ ہے۔

پناہ کے طریقہ کار کا دورانیہ:
آپ کی درخواست 1 تا 6 ماہ کے دوران مکمل کر لی جائے گی جس میں 1 ماہ کی توسیع ہو سکتی ہے۔ لیکن یہ توسیع 3 ماہ سے زیادہ نہیں ہو سکتی۔

فیصلہ سے اختلاف کی صورت میں:
اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے تو آپ عدالت میں اس فیصلہ کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ کسی قانونی ماہر ، وکیل سے مشاورت کر سکتے ہیں اور اُس کی خدمات لے سکتے ہیں۔

آپ کو ہر پیشی پر خود عدالت میں حاضر ہونا ہوتا ہے۔

آپ کی درخواست مکمل مسترد ہونے کی تاریخ کے پندرہ دن کے اندر اندر آپ کو جمہوریہ مالدووا سے جانا ہو گا۔

## Contacte utile:

**Biroul Migrație și Azil, Direcția Azil și Integrare**
Str. Ștefan cel Mare 124, Chișinău, MD-2012, , Republica Moldova Tel: (+373 22) 207196, 276901, 265636
web site: http://www.bma.gov.md/content/6624

**Înaltul Comisariat al Națiunilor Unite pentru Refugiați, Birou în Republica Moldova**
Str. Mateevici 68, Chișinău, MD-2009, , Republica Moldova Tel: (+37322) 271853, 270865 Fax: (+37322) 271953
e-mail: mdach@unhcr.org web site: www.unhcr.md

**Asociaţia Obştească "Centrul de Drept al Avocaților" (consiliere/asistență juridică)**
Str. Vlaicu Pârcălab 8, Chișinău, MD-2009, Republica Moldova Tel: (+373 22) 240 899 Fax: (+373 22) 240 898
e-mail: law-center@cda.md web site: www.cda.md

**A.O. Asociația pentru Abilitarea Copilului și Familiei „AVE COPIII"**
(asistență socială, medicală și educațională)
Str. Ion Pelivan 20, Chișinău, MD-2051, Republica Moldova Tel: (+373 22) 74 57 31, (+373 22) 74 56 66 GSM: 060 158 258
e-mail: refugee@avecopiii.md

**Asociaţia Obştească, "Centrul de Caritate pentru Refugiați"**
(servicii de dezvoltare și comunicare)
Str. Ion Pelivan 20, Chișinău, MD-2051, Republica Moldova Tel: (+373 22) 74 57 51, (+373 22)
e-mail: ccr@mdl.net,
blog:http://charity-centre.blogspot.com/

**ONG RCTV Memoria**
(servicii comprehensive de reabilitare medico-socială și psihologică, consiliere psihologică specializată)
Str. Ismail 44, Chișinău, MD-2001, Republica Moldova-. Tel: (+37322) 273222
e-mail: rctv@memoria.md

**Consiliul Național pentru Asistența Juridică Garantată de Stat**
Str. Alecu Russo 1, bl. A1 bir. 35, 36, Chișinău, MD–2068 Republica Moldova Tel:/fax: (+37322) 496 953, 496 339, 310065 web site: www.cnajgs.md
e-mail: ot_chisinau@cnajgs.md

Initiativa de Calitate în Sistemele de Azil
în Europa de Est și Caucazul de Sud
Asylum Systems Quality Initiative
in Eastern Europe and South Caucasus
UNHCR
The UN Refugee Agency

# جمہوریہ مالدووا میں سیاسی پناہ کے لیے طریقہ کار

## کتابچہ



پروجیکٹ کی طرف سے مالی امداد
یورپی یونین

وزارت
اندرونی

UNHCR
The UN
Refugee Agency
پراجیکٹ کے شریک مالی
اقوام متحدہ کی ایجنسی
پناہ گزین

جمہوریہ مالدووا میں پناہ حاصل کرنے کا مجاز ادارہ
(اسائلم اینڈا ینٹیگریٹڈ ڈائریکٹوریٹ، ڈیپارٹمنٹ آف مائگریشن)
ایک انتظامی ادارہ جو کہ وزارتِ داخلہ کے ماتحت ہے۔
جمہوریہ مالدووا میں درج ذیل صورتوں میں پناہ دی جاتی ہے۔

پناہ گذین v:
ایک غیر ملکی جس کو قابل اعتبار حد تک اس بات کا خوف ہو کہ اسے رنگ، نسل، مذہب، قومیت، کسی خاص معاشرتی گروہ کا رکن یا سیاسی وابستگی کی وجہ سے مقدمات کا نشانہ بنایا جائے گا۔

انسانی ہمدردی کی بنیاد پر:
ایک غیر ملکی کو جو ثابت کر سکے کہ اُسے پھانسی، تشدد، بد سلوکی کا سامنا ہو، یا اس نے ملک میں جاری جنگ یا ابتری کی وجہ سے ملک چھوڑا ہو۔

عارضی تحفظ:
یہ غیر معمولی تحفظ حکومت ان لوگوں کو دیتی ہے جو بڑی تعداد میں خود کہیں آ کر آباد ہو جائیں۔

سیاسی پناہ:
سیاسی پناہ ایک صدارتی حکم کے بعد دی جاتی ہے۔

نقطہ آغاز کا طریقہ کار:
پناہ کی درخواست میں آپکو یہ حق حاصل ہے کہ ایک وکیل آپکی مدد اور راہنمائی کرے۔ فلاحی ادارے (NGO) کا وکیل یہ خدمات مفت، UNCHR کا نمائندہ یا آپکا ذاتی منتخب وکیل جو کہ فیس کے عوض آپکو خدمات دے سکتا ہے۔ (تفصیل پشت پر ملاحظہ کریں۔)

آپ نے مالدووا میں پناہ کا عمل شروع کر دیا ہے:

- آپکو آپکے حقوق اور فرائض کے بارے میںبتلا جائے گا۔
- آپکو ایک عارضی شناختی کارڈ دیا جائے گا جب تک آپ جائز یا قانونی درخواست گزار رہیں گے۔
- آپکو آپکی درخواست کے فیصلہ تک نہ توملک سے باہر نکالا جا ئے گا نہ واپس بھیجا جائے گا۔
- آپ کو رہائش کے مرکز میں مفت رہائش کا حق حاصل ہے۔

- آپکو ہر سطح پر ترجمان اور مترجم مہیا کیا جائے گا۔
- آپکی ذاتی تفصیلات کو پوشیدہ رکھا جائے گا۔
- آپکو کام کرنے اور تعلیم کا حق حاصل ہو گا۔

آپکے فرائض:
- جمہوریہ مالدووا کے قوانین کا احترام۔
- تصویر اتروانے، اُنگلیوں کے نشانات کا اندراج اور طبی معائنے کے اصولوں کی پیروی کریں۔
- اڈریس کی تبدیلی یا رہائش کے گاؤں کو چھوڑنے کے متعلقDAI کو مطلع کریں۔
- جس جگہ آپکا قیام ہو وہاں کے قوانین ، اصولوں کا احترام کریں۔
- حکام کے ساتھ تعاون کریں تاکہ اپکّی پناہ کی درخواست کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔

## جائزہ:

پناہ کی درخواست کے بعد آپکو ایک سوال نامہ دیا جائے گا جس کو پُر کرنے میں ڈی آے ائی (DAI) کا ایک ملازم آپکی مدد کرے گا۔ سوالنامہ میں آپکی زاتی معلومات ، آپکے خاندان کے بارے میں معلومات اوریہ کہ آپ نے پناہ کے لیے درخواست کیوں دی، اپنے ملک سے مالدوواتک کا سفر کی تفصیلات، اپنی سفری دستاویزات، شناختی استاویزات جو آپکے پاس ہوں یا آپ سے متعلق ہوں اور دوسری یا دیگر متعلقہ دستاویزات آپکو جمع کروانی ہوں گی۔
پناہ کے طریقہ کار اور مراحل کا احترام کیجئیے۔ اگر آپ پناہ کے طریقہ کار کو نا مکمل چھوڑ دیتے ہیں تب بھی یہ آپکی غیر موجودگی میں بھی جاری رہے گااور آپکی فائل مکمل کر کے بند کر دی جائے گی۔
آپ سیاسی پناہ کے لئے درخواست کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ تو فورا ً ڈی اے آئی کے سربراہ کو آگاہ کریں۔

## مکالمہ (انٹرویو):

آپ کو انٹرویو کرنے کا وقت بتایا جاے گا،
اہلیت کے افسر آپ کو زبانی طور پر یا ٹیلیفون پر انٹرویو کی جگہ، وقت اور تاریخ کے بارے میں آگاہ کرے گا۔ اگر آپ مسلسل 3 انٹرویوز پر وجہ بتائے بغیر پیش نہیں ہوتے تو یہ فائل کے ساتھ منسلک کاغذات کی بنیاد پر فیصلہ کرے گا۔

آپ سے مکالمہ کون کرے گا:
کوئی بھی مجاز وکیل یا ڈی اے آئی کا نمائندہ آپ سے مکالمہ کر سکتا ہے۔

آپکی درخواست پر آپ کا ہم جنس آپ سے مکالمہ کر سکتا ہے۔

اگر آپ ایک وکیل /قانونی مشیریا UNHCR کے نمائندے ہیں .تو آپ کو پتہ ہونا چاہیے کہ وہ آپ کی جانب سے سوالوں کے جوابات نہیں دے سکتے۔

مکالمہ کے دوران DAI آپ کو مفت مترجم فراہم کرے گا۔ اگر آپ ترجمان سے بات نہ کر پا رہے ہوں تو اس کا اظہار مکالمہ کے شروع میں ہی مجاز وکیل یا نمائندے سے کر دیں۔

انٹرویو کا دورانیہ:
انٹرویو کا دورانیہ مخصوص نہیں ہوتایہ کیس در کیس مختلف ہوتا ہے (تقریبا 3 گھنٹے) ۔ اگر انٹر ویو کے دوران آپ کو وقفہ کی ضرورت ہو تو آپ کسی بھی وقت درخواست کر سکتے ہیں۔

مکالمہ کیسے ہو گا:
مکالمہ (انٹرویو) یا تو رومانین زبان میں ہو گا یا پھر اُس زبان میں جسے آپ پہلے سے سمجھتے ہیں۔ مجاز نمائندہ اُن تمام سوالات کے جو آپ سے پوچھے گئے اور اُن تمام جوابات کے جو آپ نے دیے اور تمام تفصیلات کی جو آپ نے فراہم کی اُن پر آپ کے ساتھ دستخط کرے گا او ر اُن تمام افراد کے نام بھی لکھے گا جو وہاں موجود تھے مثلاً وکیل، ترجمان وغیرہ۔

ہر چیز جو انٹرویو میں کہی جائے گی پوشیدہ رہےگی۔

آخر میں ہر صفحہ پر آپ کے دستخط ہوں گے جو اس بات کی دلیل ہو گی کہ آپ اس سے متفق ہیں جو آپ نے کہا ہے۔

دستخط سے پہلے بڑی احتیاط سے اس سب کو بغور پڑھ لیں اور پھردستخط کریں۔

اگر آپ محسوس کریں کہ جو آپ نے کہا ہے اور جو لکھا گیا ہے اگے اس میں تضاد ہے تو دستخط کرنے سے پہلے اس کا اظہار مجاز نمائندے سے کریں۔